اپنے احباب کو ای میل کیجئے پرنٹ کیجئے بند کیجئے

جنگ

Share

土地価格 査定30秒でスグ
sell.yeay.jp
住所を選ぶと厳選6社の土地価格査定を 比較できる！／利用は無料／全国対

امریکی وزیر دفاع کی وزیراعظم، آرمی چیف سے ملاقاتیں، ڈرون حملے بند کیے جائیں، تعلقات میں رکاوٹ ہیں، نواز شریف

پاکستان کیلئے اربوں ڈالر کی امداد رک سکتی ہے، امریکا

خیبر پختونخوا میں نیٹو سپلائی کی معطلی

پاکستانی قیادت نے فوری اقدامات کرنیکی یقین دہانی کرائی ہے، امریکی افسر، کئی چیلنجز کا سامنا ہے، امریکا نمٹنے کیلئے معاونت کرے، نواز شریف کی چک ہیگل سے گفتگو

اسلام آباد/واشنگٹن (نمائندہ جنگ/جنگ نیوز) امریکی وزارت دفاع کے عہدیدار نے کہا ہے کہ چک ہیگل نے پاکستانی قیادت سے خیبر پختونخوا میں نیٹو سپلائی کی بندش پر بات کی، ملاقات میں چیک ہیگل نے نیٹو سپلائی کے خلاف مظاہروں کا معاملہ حل کرنے کا مطالبہ کیا۔ امریکی وزارت دفاع کے عہدیدار نے غیر ملکی خبر ایجنسی سے گفتگو کرتے ہوئے مزید کہا کہ چک ہیگل نے پاکستانی قیادت کو بتایا کہ نیٹو سپلائی کی بندش سے پاکستان کیلئے اربوں ڈالر کی امداد رک سکتی ہے، عہدیدار نے مزید بتایا کہ پاکستانی قیادت نے یقین دہانی کرائی کہ فوری اقدامات کریں گے۔ دریں اثناء وزیراعظم نواز شریف اور آرمی چیف جنرل راحیل شریف سے امریکی وزیر دفاع چک ہیگل نے گزشتہ روز علیحدہ علیحدہ ملاقات کی، وزیراعظم سے ہونیوالی ملاقات میں نواز شریف نے کہا کہ ڈرون حملے بند کیے جائیں، دونوں ممالک کے تعلقات میں رکاوٹ بن رہے ہیں، پاکستان امریکا کے ساتھ طویل المدتی اور وسیع المیعاد تعلقات چاہتے ہیں، پاکستان کو کئی چیلنجز کا سامنا ہے، امریکا چیلنجز سے نمٹنے کیلئے معاونت کرے۔ وزیراعظم نواز شریف نے ڈرون حملوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈرون حملے دہشت گردی کیخلاف جنگ میں نقصان دہ ثابت ہو رہے ہیں۔ دونوں رہنماؤں کے مابین ملاقات میں افغانستان کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال ہوا، اس موقع پر امریکی وزیر دفاع چک ہیگل نے کہا کہ پاکستان افغانستان کے مابین مشترکہ مفادات ہیں۔ بعدازاں امریکی وزیر دفاع نے پاک فوج کے سربراہ جنرل راحیل شریف سے جی ایچ کیو میں ملاقات کی، ملاقات میں پاک افغان سرحد، افغان امن عمل، نیٹو سپلائی اور طالبان سے مذاکرات پر بات چیت کی گئی۔ پاکستانی رہنماؤں سے ملاقات کے بعد امریکی وزیر دفاع چک ہیگل سعودی عرب اور قطر کیلئے روانہ ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق امریکی وزیر دفاع اور جنرل راحیل شریف کے درمیان ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں ہوئی اور دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی شعبے میں تعاون پر بات چیت ہوئی، عسکری ذرائع کے مطابق جنرل راحیل شریف سے ملاقات میں امریکی وزیر دفاع نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج کی لازوال قربانیوں کا اعتراف کیا اور پاک فوج کی دہشت گردوں کے خلاف کامیابیوں سے آگاہ کیا، ذرائع کے مطابق امریکی وزیر دفاع نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج کی قربانیوں کا اعتراف کیا۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے